متأثر تھے۔ بلغاری مرحوم نے سیرت وغیرہ کے موضوع پر'' کوہِ صفا سے سیاچن تک'' اور عمر مستعار کے آخری سالوں میں آپ بیتی'' حیات مستعار کے خاردار راستے'' لکھی۔

12 مارچ: تعلیمی کمیٹی کا اجلاس ہوا۔ اور اجرائے شہادت اور طلباء کے داخل خارج جیسے امور اور امتحانی سؤالات کے حوالے سے اہم فیصلے کیے گئے۔

24 مارچ: پاکستان مسلم لیگ (ن) کی حکومت کی طرف سے گلگت بلتستان میں ابتدائی کلاس تا میٹرک طلباء وطالبات میں مفت نصابی کتب تقسیم کرنے کے انقلابی سلسلے میں صوبائی وزیر تعلیم محمد ابراہیم ثنائی صاحب اور ڈپٹی ڈائریکٹر گانگ چھے سید نبی شاہ اچانک ہائی سکول غواڑی پہنچے۔ اور ایک باوقار تقریب میں مہمانان گرامی نے علامتی طور پر کتابوں کی ایک ایک سیٹ ہر کلاس میں تقسیم کی۔ اس موقع پر جامعہ دارالعلوم کی طرف سے مولانا ابرہیم خان صاحب اور مولانا محمد حسین آزاد صاحب تشریف فرما تھے۔

26 مارچ: حاجی علی کیریسی نے جامعہ دارالعلوم بلتستان کی 31 سال خدمت کر کے تقریباً 72 برس کی عمر میں کیریس میں وفات پائی۔ آپ کو عارضہ قلب اور سانس کی تکلیف تھی۔ سردیوں کا موسم کراچی میں گزارا تھا۔

1986ء سے جامعہ دارالعلوم بلتستان غواڑی میں بطور ہیڈ باورچی خدمت کر رہا تھا۔ اپنے فن میں ید طولیٰ رکھتا تھا۔ اللہ تعالیٰ آپ کی بشری لغزشوں کو معاف فرمائے اور نیکیوں کو شرف قبولیت عطا فرما کر جنت میں اعلیٰ مقام عطا کرے۔

بقیہ:

حسن مستور

حسن کی ہر ادا جب اس طرح مستور تھی
رکھ دیا بازار میں لا کر جمالِ حور کو

حسنِ زن کو تو نے ظالم کس لیے عریاں کیا؟
معنیٔ پنہاں کو تو نے زینتِ عنواں کیا

بد نگاہی کے عوض ملتی ہے موجِ حسن آج
تو نے جنسِ بے بہا کو کس قدر ارزاں کیا

باز آ، برباد مت کر عزت وناموسِ قوم
خود فنا ہو جائے گا گر تو نے یہ ناداں کیا

قوم و ملت کی ترقی ہو نہیں سکتی عزیز
گر عمل ہم نے خلافِ سنت و قرآں کیا

QUARTERLY

At-Turas

GHE-N-1(7)/90

JAMIA DARUL-ULOOM BALTISTAN GHOWARI

GILGIT BALTISTAN

عصر حاضر کے تقاضوں سے ہم آہنگ تعلیمی ادارہ

جامعہ دار العلوم بلتستان غواڑی

كلية الحديث الشريف للبنين و قسم تحفيظ القرآن الكريم

كلية الدراسات الاسلامية للبنات و قسم تحفيظ القرآن الكريم

سنگ بنیاد ۱۳۱۸ھ بمطابق 1900ء

خصوصیات

- اسلامی اور عصری علوم کا حسین امتزاج
- اعلیٰ تعلیم یافتہ اساتذہ کی تدریسی خدمات
- وفاق المدارس السلفیہ کے امتحانات کی سہولت
- متعدد عرب ممالک میں اعلیٰ تعلیم کے زرین مواقع
- فاضل طلباء کو کالج کی تعلیم کیلئے سکردو میں مفت قیام وطعام
- تبلیغ کی صلاحیت نکھارنے کیلئے ہفتواری جلسوں کا انتظام

سہولیات

- طلباء کے لیے مفت قیام وطعام اور ہمہ وقت نگرانی
- ضروری اخراجات کے لیے کلاس وار ماہانہ وظائف
- سالانہ دو مرتبہ وردی، عوض بوٹ وسلائی کی فراہمی
- علاج معالجہ کے لیے فری ڈسپنسری اور ایمبولینس سروس
- مقامی طلباء وطالبات کے لیے مفت پک اینڈ ڈراپ
- کمپیوٹر لیب کے ذریعے عملی وفنی تربیت

دیگر رفاہی خدمات

- شمالی علاقہ جات میں تقریباً 500 یتیموں کی باقاعدہ کفالت۔
- شعبہ تعمیرات کے تحت مساجد، مدارس، کنوؤں اور ٹینکیوں کی تعمیر
- 75 برانچ مدارس نونہالوں کی تعلیم وتربیت میں مصروف
- کتاب وسنت کے تحت سستا انصاف دار القضاء والافتاء
- توحید وسنت کی دعوت لیے سہ ماہی مجلہ الترا ث کا اجراء۔
- غریبوں کا گھر بسانے کے لئے شادی بیاہ فنڈ۔
- عصری علوم کے طلباء کے لیے ماہانہ وظائف